ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ کثیرالاشاعت روزنامہ

DAILY FRONTLINE KARACHI

روزنامہ فرنٹ لائن کراچی

چیف ایڈیٹر
محمد عبدالسلام خان

ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com

جلد نمبر 17 | ہفتہ 07 اکتوبر 2023ء، 20 ربیع الاول 1445ھ | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 303

وفاقی محتسب کی ٹیم کا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا دورہ

ٹیم نے یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور تمام شعبوں کے سربراہان کے ساتھ میٹنگ کر کے مسائل کا جائزہ لیا

یونیورسٹی کے وسیع و عریض رقبے سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے، کمیٹی تفصیلی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی

اسلام آباد، وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی انتظامیہ سے ملاقات کر رہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پر سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ڈاکٹر انعام الحق جاوید ایڈوائزر (میڈیا)، ڈپٹی ایڈوائزر پرویز حلیم راجپوت، سینئر انوسٹی گیشن آفیسر عدنان احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں بھیجی۔ٹیم نے یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور تمام شعبوں کے سربراہان کے ساتھ میٹنگ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ٹیم نے یونیورسٹی میں آنے والے طلبہ سے مل کر ان کے مسائل بھی سنے اور انہیں حل کرنے کے لئے یونیورسٹی انتظامیہ کو فوری ہدایات دیں۔ٹیم نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کیا اور یونیورسٹی کے ملازمین کے مسائل کا جائزہ لیا۔واضح رہے کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ملک بھر میں 54 علاقائی دفاتر کام کر رہے ہیں، جن میں تقریباً گیارہ لاکھ کے قریب طلبہ زیرِ تعلیم ہیں، جن کے نتائج کی ترسیل میں تاخیر، اہلیت کے باوجود داخلہ نہ ملنے، مشقوں کی گمشدگی اور بروقت چیکنگ نہ ہونے، داخلہ نہ ہونے کی صورت میں داخلہ فیس واپس کرنے میں تاخیر اور کوائف کے غلط اندراج سمیت دیگر بہت سے معاملات میں شکایات موصول ہوتی ہیں۔ٹیم نے وائس چانسلر کے ساتھ میٹنگ کے دوران ان شکایات کے ازالے، یونیورسٹی کے وسیع و عریض رقبہ سے فائدہ اٹھانے اور یونیورسٹی میں کلاسز کی تعداد بڑھانے اور طلبہ کی سہولت کے لئے کم از کم پانچ ای میل ایڈریس بنانے کے بارے میں انتظامیہ کو ہدایات دیں۔کمیٹی اپنی تفصیلی رپورٹ دس روز کے اندر وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
SATURDAY, OCTOBER 7, 2023
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم سینئر مشیر احمد فاروق کی قیادت میں اوپن یونیورسٹی کا دورہ کر رہی ہے